## جرائم پیشہ مسلح دہشتگردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم لیاری سیکٹر کے ہمدرد مشتاق کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔14، مارچ 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے جرائم پیشہ مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم لیاری سیکٹر کے ہمدرد مشتاق کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## گینگ وار کے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے زخمی ہونے والے ایم کیوایم لیاری سیکٹر کے ہمدرد مشتاق پانچ دن زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا رہنے کے بعد انتقال کر گئے

کراچی۔۔۔14، مارچ 2011ء

گینگ وار کے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے 9 مارچ کو شدید زخمی ہونے والے ایم کیوایم لیاری سیکٹر یونٹ 31 کے ہمدرد مشتاق ولد عبدالرزاق پانچ دن زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا رہنے کے بعد گزشتہ روز انتقال کر گئے۔ (انا اللہ وانا الیہ راجعون)۔ تفصیلات کے مطابق مشتاق شہید کو KMC نشتر روڈ ورک شاپ پر گینگ وار کے مسلح دہشت گردوں نے اندھا دھند فائرنگ کر کے شدید زخمی کر دیا تھا اور وہ مقامی اسپتال کے انتہائی نگہداشت کے وارڈ میں زیر علاج تھے تاہم شہید گولیوں کے زخموں کی تاب نہ لا سکے اور خالق حقیقی سے جا ملے۔ مشتاق شہید کی عمر 35 سال تھی اور ان کے سوگواران میں والدہ، بیوہ اور 8 ماہ کی بچی شامل ہے۔ مشتاق شہید کو گزشتہ روز میوہ شاہ کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ شہید کی نماز جنازہ رنچھوڑ لائن میں واقع صابری مسجد میں ادا کی گئی۔ نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست ارکان سندھ اسمبلی طاہر قریشی، مقیم عالم، شعیب ابراہیم، ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے اراکین، لیاری سیکٹر کمیٹی کے ارکان، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان اور ہمدردوں نے شرکت کی۔

## ایم کیوایم لیاری سیکٹر کے ہمدرد مشتاق ولد عبدالرزاق کی گینگ وار کے دہشت گردوں کے ہاتھوں بہیمانہ قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔14، مارچ 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے گینگ وار جرائم پیشہ مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیوایم لیاری سیکٹر یونٹ 31 کے ہمدرد مشتاق ولد عبدالرزاق کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ ایم کیوایم کے معصوم کارکنان اور عوام کے بلا جواز قتل میں ملوث گینگ وار کے دہشت گردوں کے خلاف سخت ترین کارروائی عمل میں لائی جائے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ گینگ وار کے جرائم پیشہ مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں گزشتہ چار روز کے دوران ایم کیوایم رنچھوڑ لائن سیکٹر کے کارکن خرم شہید، ایم کیوایم لیاری سیکٹر کے کارکن عمران شہید اور ایم کیوایم لیاری سیکٹر کے ہمدرد مشتاق شہید سمیت دیگر معصوم افراد کے بہیمانہ قتل کی وارداتوں سے شہر کا امن تباہ کرنے کی سازش بے نقاب ہو چکی ہیں اور گینگ وار کے دہشت گردوں کے خلاف اب بھی کارروائی نہ کرنا اور انہیں سرپرستی فراہم کرنے کا سلسلہ جاری رکھنا ملک بھر کے امن پسند عوام کیلئے لمحہ فکریہ ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ گینگ وار کے دہشت گردوں کی جانب سے قتل و غارتگری، کھلی غنڈہ گردی اور بھتہ خوری کی کارروائیاں صرف ایم کیوایم تک محدود نہیں ہیں بلکہ ان کی مذموم کارروائیوں سے عام شہری سمیت تاجر، صنعتکار، فنکار اور زندگی کے دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد براہِ راست متاثر ہو رہے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پولیس کی جانب سے گینگ وار کے جرائم پیشہ مسلح دہشت گردوں کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی جارہی ہے بلکہ مسلسل پراسرار خاموشی اختیار رکھی جارہی ہے جس سے زندگی کے تمام شعبوں کے پرامن عوام میں شدید تحفظات اور تشویش پائی جارہی ہے۔ رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیاری سیکٹر کے ہمدرد مشتاق شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کی مغفرت فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ گینگ وار کے جرائم پیشہ مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے زخمی ہونے والے ایم کیوایم لیاری سیکٹر کے ہمدرد مشتاق کی شہادت کا سختی سے نوٹس لیا جائے، گینگ وار کے دہشت گردوں کے خلاف سخت ترین کارروائی عمل میں لائی جائے اور دہشت گردوں اور ان کے سرپرستوں کو گرفتار کر کے قانون کے مطابق سخت سے سخت ترین سزا دی جائے۔

☆☆☆☆☆